## دکھی انسانیت کی خدمت کرنا سب سے افضل عبادت ہے، الطاف حسین

## نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کی امداد کیلئے ایم کیوایم کے کردار کو پاکستان بھر کے عوام تسلیم کررہے ہیں

## مجھے فخر ہے اللہ نے جیسے پرخلوص ساتھی مجھے دیئے ہیں ایسے کارکنان دنیا میں کسی بھی سیاسی جماعت کو نصیب نہیں ہوئے

## کارکنان حق پرستانہ پیغام کو ملک بھر میں اس طرح پھیلائیں کہ ملک بھر کے عوام مصیبت زدہ خاندانوں کی مدد کیلئے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں

## نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کی امداد کیلئے ایم کیوایم کے منتخب نمائندگان، ذمہ داران، کارکنان، فنکاروں اور کے کے ایف کے رضا کاروں کو خراج تحسین

## نائن زیرو عزیز آباد اور کے کے ایف کے امدادی کیمپ میں ذمہ داران اور کارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔18 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا سب سے افضل عبادت ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان، طالبان کی دہشت گردیوں کے باعث صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کیلئے جس طرح دن رات مصروف عمل ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں قائم امدادی کیمپ میں رضا کاروں سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان جس طرح دکھی انسانیت کی عملی خدمت کررہے ہیں اسے پاکستان بھر کے عوام تسلیم کررہے ہیں اور نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین جنرل (ر) محمد فاروق نے فون کرکے نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کی امداد کیلئے ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کردار کو نہ صرف سراہا بلکہ ایم کیوایم کے کارکنان اور کے کے ایف کے رضا کاروں کو خراج تحسین بھی پیش کیا ہے۔ اسی طرح گزشتہ روز فلم، ٹیلی ویژن اور اسٹیج کے فنکاروں نے صوبہ سرحد کے مصیبت زدہ خاندانوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے عملی کردار کی تعریف کی اور مصیبت زدہ بھائیوں کی امداد کیلئے عوام سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیات دینے کی اپیل کی ہے جس پر میں ایک ایک فنکار کو دل کی گہرائی سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا سب سے افضل عبادت ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان، طالبان کی دہشت گردیوں کے باعث صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کیلئے جس طرح دن رات مصروف عمل ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سچائی کو چھپایا نہیں جاسکتا۔ جب سورج نکلتا ہے تو سورج کی موجودگی سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح ایم کیوایم کے کارکنان جس طرح دکھی انسانیت کی بلاامتیاز اور عملی خدمت کررہے ہیں اسے بھی دنیا تسلیم کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب کسی ٹی وی پر کوئی اینکر مین یا اخبار میں کوئی کالم نگار یا صحافی یہ تبصرہ کرتا ہے کہ مصیبت زدہ خاندانوں کی امداد کیلئے سب سے پہلے ایم کیوایم نے قدم اٹھایا اور ایم کیوایم کے کارکنان نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی امداد کیلئے رات دن کام کررہے ہیں تو یہ سن کر مجھے بے انتہاء خوشی ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے اپنے پرعزم اور مخلص کارکنان پر ناز ہے اور مجھے فخر ہے اللہ نے جیسے پرخلوص ساتھی مجھے دیئے ہیں ایسے کارکنان دنیا میں کسی بھی سیاسی جماعت کو نصیب نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار جسطرح بغیر کسی لالچ کے دکھی انسانیت کی بلاامتیاز رنگ ونسل اور زبان دن رات عملی خدمت کررہے ہیں اس کا اجر انہیں صرف اللہ تعالیٰ ہی دے سکتا ہے۔ کاش میرے پاس دنیا کی دولت ہوتی تو میں اپنے مخلص کارکنان پر نچھاور کردیتا۔ انہوں نے کہا کہ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ خلق خدا کی خدمت کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان ورضا کاروں کی کاوشوں کو قبول فرمائے اور ایم کیوایم پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان پر زور دیا کہ وہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کو ملک کے چپے چپے میں پھیلائیں تاکہ ملک بھر کے عوام پاکستان کے کسی بھی گوشے میں قدرتی آفات یا دہشت گردی سے متاثرہ مصیبت زدہ خاندانوں کا دکھ درد سمجھتے ہوئے ان کی بھرپور اور عملی امداد کرنے کیلئے آگے آئیں، امدادی کیمپ لگائیں اور مصیبت زدہ بھائیوں کی بڑھ چڑھ کر مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت صوبہ پختونخواہ کے مختلف علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کی بھرپور امداد کیلئے اپنی مصروفیات ترک کرکے کردار ادا کرنے پر حق پرست ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داران، سیکٹروں اور یونٹوں کے ذمہ داران، تمام کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## فلم، ٹی وی، ریڈیو اور اسٹیج کے فنکاروں کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کا دورہ

## نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

## الطاف حسین نے سب سے پہلے اس کار خیر کا آغاز کیا ہے، فنکار

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

فلم، ٹی وی، ریڈیو اور اسٹیج کے قومی و بین الاقوامی شہرت یافتہ مزید فنکاروں نے پیر کے روز بھی متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع کراچی کے دورے کا سلسلہ جاری رکھا۔اس موقع پر سعود، جویریہ سعود، شعیب پپو، احمد جہانزیب، شہری، عذرا ضیاء محی الدین، محمود، عمران علی، صفدر ضیاء، شہزاد رضا، عرفان موتی والا، عمیر لغاری، صدف لغاری، نعیمہ گرج، عمران رضا، سلمٰی ظفر، پروین اکبر اور روبی نیازی بھی موجود تھے۔اس سے قبل جب مہمان فنکار کے کے ایف کے مرکزی دفتر پہنچے تو کے کے ایف کے مینجنگ ٹرسٹی اور رکن رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری، سیف یار خان، شاکر علی، کنور خالد یونس، ارکان قومی اسمبلی عبدالوسیم اور صفیان یوسف نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے جاری کاموں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔مہمان فنکاروں نے کے کے ایف کا تفصیلی دورہ کیا اور وہ آٹے، گھی، ادویات، دالیں، منرل واٹر، چاول، سلے سلائے ملبوسات، نمک، چینی، چائے کی پتی وغیرہ کے اسٹالوں پر گئے اور انہوں نے وہاں نہ صرف ایم کیو ایم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور کارکنوں کو کام کرتے ہوئے دیکھا بلکہ خود بھی عملی طور پر اس میں حصہ لیتے ہوئے غذائی اجناس وغیرہ کی کاٹن میں پیکنگ کی۔ بعدازاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اداکار سعود، شہزاد رضا، نعیمہ گرج، شہری اور جویریہ نے کہا کہ ہم یہاں خدمت خلق کے حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ان کے جانثار کارکنوں کو فلاحی کام کرتے ہوئے دیکھنے کیلئے آئے ہیں فنکار کل بھی آئے تھے، آج بھی آئے ہیں اور آئندہ بھی آتے رہیں گے اور عملی طور پر اس کار خیر میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ہاتھ بٹاتے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے سب سے پہلے اس کار خیر کا آغاز کیا ہے ہمیں چاہئے ہم سب ان کے ساتھ ہوں انسانیت کی بھلائی کے کام کیلئے ایم کیو ایم جہاں بھی ہمیں بلائے گی ہم سر کے بل چل کے آئیں گے یہ ہمارا قومی فریضہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا دل چاہتا ہے کہ الطاف بھائی جہاں بھی ریلیف کا کام کریں ہم ان کے ساتھ شامل ہوجائیں حقیقت یہ ہے کہ یہاں آنے کے بعد ہمارا جانے کو دل نہیں چاہتا کیونکہ یہ کوئی خواب نہیں حقیقت ہے۔ہم الطاف حسین کو اور ان کے کارکنوں کو کار خیر کا عظیم بیڑہ اٹھانے پر انہیں سلام کرتے ہیں یہ الطاف حسین ہی کی شخصیت ہے جس کی ایک آواز پر سب کھڑے ہوجاتے ہیں۔انہوں نے تمام فنکاروں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرین کی بحالی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں کیونکہ متاثرین کو ہماری ضرورت ہے اللہ نہ کرے کسی اور پر ایسا کڑا وقت آئے۔اس سے قبل شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے صحافیوں سے گفتگو اور فنکاروں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین تمام فنکاروں سے نہ صرف اظہار تشکر کرتے ہیں بلکہ ان کیلئے دعا گو ہیں خاص طور پر وہ فنکار جنہوں نے رضا کارانہ طور پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کیا یہاں ہونے والے عملی کام میں حصہ لیا اور نقد عطیات بھی دیئے۔ یہ فنکار یہاں اپنی شہرت کی بنیاد پر نہیں بلکہ انسانیت کے نام پر آئے ہیں ان کے اس عمل کے اثرات ملک بھر کے عوام پر بھی پڑیں گے اور وہ بھی اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے آگے بڑھیں گے۔انہوں نے بتایا کہ اب تک 3 کروڑ 75 لاکھ روپے کی اشیاء ضرورت اور ادویات متاثرین تک پہنچانے کیلئے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے حوالے کردی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایئر وائز مارشل ارشد قدوس نے ہمیں پیشکش کی ہے کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امداد پہنچانے کیلئے سی۔130 طیارے کی خدمات فراہم کریں گے۔اب تک ڈیڑھ کروڑ روپے سے زائد ادویات ہماری جانب سے متاثرین تک پہنچائی جاچکی ہے۔

## فنکاروں نے مجموعی طور پر 64 ہزار روپے کے نقد عطیات کے کے ایف کے مرکزی دفتر میں جمع کرائے

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کا پیر کے روز دورہ کرنے والے فلم ٹی وی، ریڈیو اور اسٹیج کے فنکاروں سعود، شعیب پپو، احمد جہانزیب، جویریہ مسعود، شہری، عذرا ضیاء محی الدین، محمود، عمران علی، صفدر ضیاء، عرفان موتی والا، عمیر لغاری، صدف لغاری، نعیمہ گرج، عمران رضا، سلمٰی ظفر، شہزاد رضا، پروین اکبر اور روبی نیازی نے مجموعی طور پر 64 ہزار روپے کے نقد عطیات فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی شعیب بخاری ایڈوکیٹ کے حوالے کیے۔ بعدازاں اس ایثار پر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے ان سے دلی اظہار تشکر بھی کیا۔

## پاکستان عوامی مسلم لیگ کے مرکزی نائب صدر محفوظ یار خان نے وفد کے ہمراہ کے کے ایف کے مرکزی دفتر کا دورہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

پاکستان عوامی لیگ کے مرکزی نائب صدر محفوظ یار خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک بہت بڑی جماعت ہے اس کا ورک بہت بڑا ہے اور وہ فلاحی کاموں کا بہت بڑا نیٹ ورک بھی رکھتی ہے ایم کیو ایم عملی طور پر سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی مدد کررہی ہے جو یہاں آکر واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے ورنہ ہوتو یہ رہا ہے کہ شہر بھر میں دیگر سیاسی جماعتوں کے کیمپ بھی لگے ہیں لیکن وہاں شور وغوغہ کرنے سوا کچھ نہیں ہورہا ہے اور وہ عوام کو اپنے شور سے عاجز کررہے ہیں اور عملی کام صرف ایم کیو ایم کررہی ہے مجھے اسکا اعتراف ہے یہ بات انہوں نے پیر کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی شعیب احمد بخاری بھی موجود تھے جبکہ پاکستان عوامی مسلم لیگ کے ایڈیشنل سیکریٹری جنرل بشیر احمد فاروقی، انفارمیشن سیکریٹری سید عاصم علی، رابطہ سیکریٹری کراچی بابر مرزا اور یوتھ ونگ کے شہزاد خان اور اسفند یار بھی موجود تھے۔اس سے قبل پاکستان عوامی مسلم لیگ کے رہنماؤں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے امداد و بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔محفوظ یار خان نے کہا کہ الطاف بھائی، رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم کے کارکنان جس لگن اور محنت کے ساتھ خدمت خلق کا کام کررہے ہیں میں انہوں مبارکباد دیتا ہوں اور پورے ملک کے عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس کار خیر میں بھرپور ساتھ دیں، میں ایم کیو ایم کی قیادت پر فخر کرتا ہوں اور ضرورت پڑنے پر ایم کیو ایم کے ساتھ پاکستان عوامی مسلم لیگ مل جل کر کام کرنے کو تیار ہے۔

☆☆☆☆☆